علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس: مطالعہ مذاہب عالم (1902)　　　　سمسٹر: بہار،2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)　　　　کریڈٹ:3

خط برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمة الله وبركاته:

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔

آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام

ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبد اللہ

کورس رابطہ کار

علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کرلیں که:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اورکی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحله پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ مذاہب عالم (1902) — سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) — کریڈٹ: 3

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ دین و مذہب کا فرق اور جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ دین و مذہب کے بارے میں مغربی مصنفین کی آراء بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ یہودیت کی مختصر تاریخ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اناجیل کی تاریخی حیثیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ نبی اکرم ﷺ کی بعثت کے مقاصد بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ برصغیر میں مسلمانوں کی آمد اور ان کے اثرات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بدھ مت کا تعارف بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ زرتشت کی مذہبی کتاب "یسنا اور گاتھا" کی تعلیمات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ تاؤمت کا مذہبی ادب بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ سکھ مت کا تعارف اور تاریخ بیان کریں۔ (20)